http://www.facebook.com/DailyAbtak

ABC CERTIFIED | Web: www.abtak.com.pk | Email: dailyabtak@gmail.com | Member APNS CPNE

اور ہمارے ذمہ تو صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے (القرآن)

روزنامہ ابتک
DAILY ABTAK LAHORE

چیف ایڈیٹر سید سجاد بخاری

ایڈیٹر خواجہ منور الحسن

لاہور

لاہور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا موقر اخبار

★★★★★ WEDNESDAY 13 NOVEMBER 2024

| جلد | بدھ 10 جمادی الاول 1446ھ 13 نومبر 2024ء 30 کاتک 2081ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل | شمارہ |
|---|---|---|---|---|
| 17 | فون نمبرز: 0423-6313031 0423-6313035 فیکس: 36313036 قیمت 20 روپے | 8 | 310 | 180 |



گوجرانوالہ: اسسٹنٹ ایڈوائزر محتسب پنجاب واصف سلیم پاسپورٹ آفس گجرات کی انسپکشن کر رہے ہیں

# اسسٹنٹ ایڈوائزر واصف سلیم کی پاسپورٹ آفس گجرات کی انسپکشن

## انہوں نے آفس انچارج اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر عثمان سلیم اور دیگر افسران سے تفصیلی گفتگو کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) واصف سلیم، اسسٹنٹ ایڈوائزر کی پاسپورٹ آفس گجرات کی انسپکشن کی۔ انہوں نے وہاں پر موجود آفس انچارج اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر عثمان سلیم اور دیگر افسران سے تفصیلی گفتگو کی اور پاسپورٹ آفس کی ورکنگ کے بارے میں تمام معلومات حاصل کی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے بتایا کہ روزانہ تقریبا 700 لوگ پاسپورٹ آفس آتے ہیں۔ جس میں سے تقریبا 400 لوگ پاسپورٹ لینے آتے ہیں اور باقی 300 سے 315 پاسپورٹ بنوانے کیلئے آتے ہیں۔ آفس ٹائمنگ صبح 9 سے شام 4 بجے تک ہے 9 سے 1 بجے تک ٹوکن ملتے ہیں اور 2 بجے تک لوگوں کو فری کر دیا جاتا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے کہا کہ اس وقت پانچ کاونٹر ہیں اس میں سے دو کاونٹر تصویروں، دو کاونٹر ڈیٹا اور ایک کاونٹر بائیومیٹرک کیلئے استعمال ہو رہا ہے عورتوں کے لیے، بزرگوں کیلئے اور معذور لوگوں کیلئے الگ کاونٹر موجود نہیں ہے اس وجہ سے لوگوں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور کافی انتظار کرنا پڑتا ہے اور اسی لئے جلد ون ونڈو شروع کر رہے ہیں تا کہ ایک وقت میں زیادہ سے زیادہ لوگ پروسیس ہو سکیں اور لوگوں کو انتظار نہ کرنا پڑے۔ اس کے بعد واصف سلیم نے پورے پاسپورٹ آفس کا جائزہ لیا اور لوگوں سے ان کے مسائل پوچھے۔ لوگوں نے پاسپورٹ آفس میں ایجنٹ مافیا کے بارے میں شکایت کی کہ ایجنٹ مافیا بہت سرگرم ہے اور پیسے لے کر پاسپورٹ دیتے ہیں۔ چند لوگوں کے مسائل موقع پر حل کیے گئے لوگوں نے شکایت کی کہ عورتوں اور آدمیوں کے لیے بیٹھنے کا الگ بندوبست کیا جانا چاہیے۔ لوگوں نے کہا معذور اور بزرگوں کیلئے سہولیات میں اضافہ کیا جائے جیسے کہ ویل چیئر کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور بزرگوں اور معذور لوگوں کیلئے الگ کاونٹر اور واش روم بنائے جائیں۔ لوگوں نے شکایت کی کہ پاسپورٹ بہت دیر سے آ رہے ہیں اس پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے کہا کہ ہمیں جیسے ہی اسلام آباد سے پاسپورٹ موصول ہوتا ہے ہم اسے لوگوں تک پہنچا دیتے ہیں۔ جناب محمد واصف سلیم نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو ہدایت کی کہ انتظار گاہ میں مزید اے سی اور سیٹیں لگوائی جائیں تا کہ لوگوں کو سہولت ہو سکے۔

باطل کے خلاف جہاد............حق کی للکار

روزنامہ
پرچم
کراچی

اے بی سی سے
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC Certified

Daily Parcham Karachi

جلد نمبر 31 | بدھ 13 نومبر 2024ء 10 جمادی الاول 1446ھ | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 61

# وفاقی محتسب کا شہریوں کی دادرسی کر رہا ہے' ڈاکٹر شیخ امتیاز علی

## صحافیوں نے ہمیشہ معاشرتی ناہمواریوں اور ظلم کیخلاف آواز اٹھائی ایسوسی ایٹ ایڈوائزر

## وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو تیز ترین انصاف کی فراہمی میں ایک نمایاں شناخت رکھتا ہے

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو تیز ترین انصاف کی فراہمی میں ایک نمایاں مقام وغیر جانبدارانہ شناخت رکھتا ہے جہاں بغیر کسی وکیل اخراجات کے ہر شخص انصاف کیلئے وفاقی محتسب سے رجوع کر سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس حیدرآباد سندھ ڈاکٹر شیخ امتیاز علی نے ٹمباری پہنچ کر کھلی کچہری لگا کر لوگوں اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وہ وفاقی محتسب ریجنل آفس حیدرآباد اور جہاں جہاں لوگوں کی وفاقی اداروں سے متعلق شکایات بڑھ جاتی ہیں وہ فوری طور پر وہاں پہنچ کر سائلین کی شکایات کے ازالے کیلئے بروقت کارروائی عمل میں لاتے ہیں انہوں نے کہا کہ


(بقیہ نمبر 42 ☆ صفحہ نمبر 03)




## بقیہ 2

وفاقی محتسب اعلی اعجاز احمد قریشی ملک بھر میں سائلین کو ریلیف دلانے اور بروقت انصاف کی فراہمی میں ہمہ وقت کوشاں ہیں اور تمام ریجنل دفاتر سے فیصلوں پر عملدرآمد کی رپورٹ لازمی طلب کرتے ہیں۔ ڈاکٹر شیخ امتیاز علی نے بتایا کہ وفاقی حکومت کے ادارے پاسپورٹ آفس ریلویز ڈاک تار اور دیگر محکموں سے متعلق کسی بھی شہری کو بدانتظامی اختیارات کا ناجائز استعمال یا کوئی بھی شکایت ہو تو وہ وفاقی محتسب سے رجوع کر سکتا ہے انہوں نے کہا کہ لوگ مطمئن ہیں ادارے کی کارکردگی سے کیونکہ عام آدمی کو بروقت انصاف بغیر کوئی فرق سے آسانی سے مل جاتا ہے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب نے کہا کہ پاکستان میں سرکاری اداروں کے بارے میں شکایت کرنے والے بہت زیادہ ہیں لیکن بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ ان سرکاری اداروں سے متعلق شکایات کا ازالہ فوری اور نہایت آسانی سے ہو سکتا ہے اس کیلئے کی وفاقی محتسب جیسا با اختیار ادارہ موجود ہے انہوں کہا کہ صحافت یاست کا بنیادی ستون ہے اور صحافیوں نے ہمیشہ معاشرے میں بدعنوانی کیخلاف آواز بلند کی ہے ہماری کوشش ہوتی ہے کہ لوگوں کو حقوق کے حوالے زیادہ سے زیادہ آگہی فراہم کر کے فوری انصاف مہیا کیا جائے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حیدرآباد ریجنل آفس میں حیدرآباد سے لے کر لاڑکانہ تک جو علاقہ ہے وہاں کے معاملات دیکھتے ہیں جبکہ لطیف آبادی کوٹری ٹنڈو الہیار ٹنڈو محمد خان و دیگر علاقے ان کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں انہوں نے کہا کہ زیادہ تر شکایات عوام کی جانب سے حیسکو واپڈا کیخلاف آتی ہیں اور ان کی شکایات کا ازالہ کیا جا رہا ہے۔

061-4570770
061-4515800
061-4582368
ABC CERTIFIED
ausafmul@cyber.net.pk
http://www.dailyausaf.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف ملتان
DAILY AUSAF MULTAN
چیف ایڈیٹر مہتاب خان
ایڈیٹر محسن بلال خان
جلد: 23 | بدھ 10 جمادی الاول 1446ھ 13 نومبر 2024ء 29 کاتک 2081 بکرمی صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 94



بہاولپور: ریجنل ایڈوائزر وفاقی محتسب اعلیٰ ڈاکٹر محمد زاہد ملک اپنے دفتر میں عوامی شکایات پر سماعت کر رہے ہیں

## سینئر انویسٹی گیشن آفیسر بہاولپور کا ایس ای واپڈا آفس کا دورہ، مختلف کیسز کی سماعت

## نادرا کے 9 کیسز کی سماعت فوری عمل درآمد کا حکم، ایف آر سی اور شناختی کارڈ کا اجراء کرا دی

بہاولپور (بیورو نیوز) سینئر انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب اعلیٰ بہاولپور کا ایس ای واپڈا آفس کا دورہ عوام کو درپیش واپڈا مسائل بارے معلومات کا حصول وفاقی محتسب دفتر میں نادرا کے 9 کیسز کی سماعت فوری عمل درآمد کا حکم، ایف آر سی اور شناختی کارڈ کا اجراء کرا دی وفاقی محتسب بہاولپور کے ریجنل ہیڈ ڈاکٹر محمد زاہد ملک نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ایس ای واپڈا سرکل بہاولپور محمد یعقوب گدارا کے دفتر کا دورہ کیا وہاں پر سائلین کے مسائل کے فوری حل کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اور انہیں سائلین کو قانون کے مطابق فوری ریلیف دینے کی ہدایات جاری کیں۔ بعد ازاں انہوں نے اپنے دفتر میں نادرا کیخلاف 9 شکایات پر سماعت کی نادرا کی طرف سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عمیر بن یوسف پیش ہوئے اور انہوں نے سماعت کے دوران بتایا کہ ایک ایف آر سی فارم اور ایک شناختی کارڈ فوری جاری کر دیا گیا ہے باقی کیسز پر بھی عمل درآمد کرا دیا جائیگا۔ ایسوسی ایٹ ایڈوائزر عبدالباسط نے 45 کیسز پر فوری عمل درآمد کرایا۔

پورے کراچی اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار قیمت 10 روپے
CERTIFIED
THE DAILY KAINAAT KARACHI
روزنامہ
چیف ایگزیکٹیو، سید سجاد حسین شاہ
کائنات کراچی
جلد نمبر 26 | بدھ 10 جمادی الاول 1446ھ 13 نومبر 2024ء صفحات 4 | شمارہ نمبر 198

# سرکٹ ہاؤس خیرپور میں وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات پر شنوائی

## 70 سے زائد درخواست مختلف درخواستوں کی سماعت کے موقع پر ازالے کے لیے بروقت احکامات جاری کیے گئے

## ہمارا ادارہ بنا کسی معاوضے، بنا کسی وکیل کے وفاقی اداروں کے خلاف شکایات رجسٹرڈ کرتے ہوتے ہیں

## لاڑکانہ، نوشہرو فیروز، خیرپور، رانی پور، دادو، سکھر کے اضلاع میں مختلف اوقات کار میں کھلی کچہری منعقد کرتے ہیں

خیرپور (کائنات نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس سکھر کی جانب سے سرکٹ ہاؤس خیرپور میں وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات پر شنوائی کی گئی۔ 70 سے زائد درخواست مختلف درخواستوں کی سماعت کے موقع پر ازالے کے لیے بروقت احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیل کے مطابق وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس سکھر کی جانب سے سرکٹ ہاؤس خیرپور میں کھلی کچہری منعقد کی گئی جس میں وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس سکھر آئی آر ڈی کے ڈاکٹر عبدالوحید ابڑو، عبداللہ سومرو، انصاف خان، سیپکو کے آر او صدف حسین، احسان علی اور دیگر افسران نے عوام کی جانب سے کی جانے والی شکایات کی سماعت کی اور موقع پر ہی احکامات جاری کرتے ہوئے معاملہ آمد کو نمٹا دیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس سکھر آئی آر ڈی کے ڈاکٹر عبدالوحید ابڑو نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ادارہ بنا کسی معاوضے، بنا کسی وکیل کے وفاقی اداروں کے خلاف شکایات رجسٹرڈ کرتے ہوتے ہیں اور لاڑکانہ، نوشہرو فیروز، خیرپور، رانی پور، دادو، سکھر کے اضلاع میں مختلف اوقات کار میں کھلی کچہری منعقد کرتے ہیں ان کا مقصد عوام کو وفاقی اداروں سے ہونے والی شکایات کا ازالہ 45 دن میں کرنا ہوتا ہے جس پر مکمل عمل درآمد کے لیے ادارے کی جانب سے جانچ پڑتال کی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ عوام سے گزارش ہے کہ وہ اپنی شکایات وفاقی اداروں کے خلاف یا مسائل حل نہ ہونے کی صورت میں دے سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ آج 70 درخواست گزاروں کو سنا گیا ہے جس میں زیادہ تر سیپکو، نادرا، سوئی گیس، بینکوں، شاہ عبداللطیف یونیورسٹی، مہران یونیورسٹی خیرپور جیسے اداروں کی شکایات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ درخواست پر جاری کی احکامات کی بجا آوری نہ کرنے والے افسران کے خلاف متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران کو لکھا جاتا ہے اور مکمل طور پر مسائل کو حل کیا جاتا ہے انہوں نے بتایا کہ اس کے علاوہ بیواؤں کے پنشن کے مسائل، قومی شناختی کارڈ کے حصول، ب فارم اور دیگر معاملات پر بھی شکایات موصول ہوتی ہیں جن پر فوری کاروائی کی جاتی ہے۔